98383- تمباکو کمپنی میں اکاؤنٹ کا کام کرنے والی لڑکی سے شادی کرنا

سوال

کیا ٹوبیکو کمپنی میں اکاؤنٹنٹ کی ملازمت کرنے والی لڑکی کے ساتھ میں شادی کر سکتا ہوں، وہ لڑکی بڑے اچھے اخلاق کی مالک ہے، اور اسلامی پردہ بھی کرتی ہے، اور عفت و عصمت کی مالک ہے، باقی سینوں کے بھید تو اللہ کے علم میں ہیں ؟

پسندیدہ جواب

محترم بھائی: دنیا میں سعادت کے لیے شادی کرنا ایک بہتر اقدام ہے، لیکن بہت سارے لوگ اس فانی دنیا کی سعادت کے متمنی تو ہیں، لیکن وہ باقی رہنے والی آخرت کو بھول جاتے ہیں، چنانچہ شادی میں اللہ تعالی کے مشروع امور کا خیال نہیں رکھتے، بلکہ صرف اپنی لذت و شہوت پوری کرنے کے لیے شادی کرتے ہیں، اس لیے وہ ایسی عورت سے شادی کے خواہاں ہوتے ہیں جو خوبصورت ہو یا پھر اچھے مقام و مرتبہ کی مالک، یا مالدار ہو، اور یہ چیز اکثر اوقات دین کے حساب سے ہوتی ہے.

ہمارے سائل بھائی: ہم آپ سے امید رکھتے ہیں کہ آپ ایسے افراد میں شامل نہیں ہونگے.

مسلمان کو ایسے فرد کی ضرورت ہے جو اسے متنبہ کرتا رہے اور اس کی استقامت اور خیر و بھلائی اور اطاعت فرمانبرداری پر معاونت کرے، اور اس میں سب سے بہتر معاون نیک و صالح بیوی ہی ہو سکتی ہے، جو اسے خیر و بھلائی کا حکم دے، اور شر و برائی سے روکتی رہے.

اور پھر مسلمان کو اس کی بھی ضرورت اور وہ اس کا بھی محتاج ہے کہ ماں ایسی ہو جو نیک و صالح اور کریم ہو، جو اس کی اولاد کی تربیت کرے، اور ان کا خیال رکھے، اور ان میں بہترین اخلاق اور اچھی عادات ڈالے، اور ان کی پرورش اللہ تعالی کی حسن عبودیت پر کرے، اور اللہ تعالی کے شعار کی ان کے دلوں میں تعظیم پیدا کرے، اور ایسے اسباب کا نمو کرے جس سے وہ اپنی زندگی میں شریعت کا التزام کریں، تا کہ دینا و آخرت میں وہ اللہ کی رضا و خوشنودی حاصل کر سکیں، اور معاشرے میں خیر و اصلاح کی مشعل راہ بنیں.

آپ کو چاہیے کہ جس عورت سے شادی کریں اس میں یہ اشیاء تلاش کریں، اور منگنی میں بھی آپ ان امور کا خیال رکھیں.

چنانچہ میرے بھائی: آپ جس لڑکی سے منگنی کرنا چاہتے ہیں اس کی حالت میں غور کریں:

اگر آپ اس لڑکی میں وہ صفات پائیں جو ہم نے بیان کی ہیں تو یہ مطلوب و مقصود ہے، تو آپ اس لڑکی سے شادی کر لیں اور اسے اپنے ہاتھوں سے نہ نکلنے دیں، اس کی علامت یہ ہے کہ اگر آپ اس کے سامنے سگرٹ نوشی کی حرمت، اور اس میں معاونت کی حرمت، اور سگرٹ بنانے والی کمپنی میں ملازمت کرنے کی حرمت بیان کریں تو وہ آپ کی بات مان لے گی، اور راضی و خوشی اس ملازمت کو چھوڑ دے گی کہ اللہ تعالی نے اسے ہدایت سے نوازا ہے اور اس سے خبیث اور حرام کمائی کو دور کر دیا ہے.

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ اس لڑکی کو ایسا کرنے کی توفیق عطا فرمائے.

لیکن اگر وہ آپ کی نصیحت کو نہیں مانتی، اور اہل علم کے فتاوی جات کو بھی نہیں سنتی جو تقریبا اس گندے پودے کو حرام اور اس میں ملازمت کی حرمت پر تقریبا متفق ہیں، اور وہ اس حرام کام کی ملازمت اور ان مردوں کے ساتھ اختلاط پر مصر ہے جو اس گناہ میں اس کے ساتھ شریک ہیں، تو ہمارے خیال میں آپ اس لڑکی میں وہ اچھی اور نیک صفات نہیں پائینگے جو ہم

نے بیان کی ہیں، اور آپ کو اس کا ادراک ہوگا کہ ہماری نصیحت بلکہ ضروری ہے کہ آپ اس لڑکی سے منگنی کی بجائے کسی اور لڑکی سے اطاعت و تقوی اور دین کے التزام پر منگنی کریں، اور اس لڑکی سے بات کرنے سے بھی گریز کریں، اور اس کے ساتھ رابطہ کرنے کی کوشش نہ کریں، کیونکہ عورتوں کے ساتھ بغیر کسی ضرورت کے بات چیت کرنا حرام ہے۔

سگرٹ اور تمباکو فیکٹریوں اور کمپنیوں میں ملازمت کرنا سگرٹ نوشی کرنے سے بھی زیادہ خطرناک ہے، اس لیے کہ تمباکو بنانے والا شخص شر اور برائی تیار کر رہا ہے، اور وہ خبث اور ضرر کا مصدر ہے، اور اللہ تعالی نے جو صحت و عافیت انسان کو دی ہے اسے خراب کر کے معاشرے میں فساد پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے اس لیے سگرٹ نوشی کی بنا پر معاشرے میں ضرر و فساد پھیلے گا اس کا متحمل سگرٹ اور تمباکو بنانے والا شخص ہے، چاہے اس کی ملازمت کمپنی میں اکاؤنٹنٹ جیسی ہی ہو، کیونکہ کمپنی ایک کامل یونٹ ہے، جس کا سارا کام اصلا حرام ہے، تو اس میں معاونت والا جو کام بھی ہوگا وہ حرام ہے۔

ہم اس دن کے انتظار میں ہیں جس دن یہ سگرٹ اور تمباکو بنانے والی کمپنیاں اپنے سر کے بل گر کا تباہ ہو جائینگی، ہر دینی اور معاشرتی غیرت رکھنے والا شخص اور اپنے نفس کی غیرت والا شخص اسے چھوڑ کر اپنے آپ اور معاشرے کو اس سے بچالے گا کہ وہ فساد و خرابی کا مصدر نہ بن جائے۔

اس لیے آپ اس لڑکی کو اس امر کی نصیحت کرنے کی حرص رکھیں، اور اس کے متعلق فتاوی جات اسے دکھائیں، اور نہ تو وہ اور نہ ہی آپ اس حرام کمائی کا طمع و لالچ رکھیں، کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی حرام کو ختم کر دیتا ہے، اور حلال کی روزی میں برکت عطا فرماتا ہے، اگر وہ آپ کی بات مان لے تو آپ اس سے شادی کا قدم اٹھائیں، وگرنہ دوسری صورت میں اللہ تعالی آپ کو اپنی وسعت سے کوئی اور عطا فرما دیگا، اللہ سبحانہ و تعالی وسیع و حکیم ہے۔

مزید آپ سوال نمبر (9083) اور (10922) اور (13254) اور (20757) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں، ان میں سگرٹ نوشی کا حکم اور اس کے خطرات بیان کیے گئے ہیں۔

اور نیک و صالح بیوی کے اوصاف معلوم کرنے کے لیے آپ سوال نمبر (71225) کے جواب کا مطالعہ کریں۔

اور ہماری اس ویب سائٹ میں بہت سارے فتاوی جات میں یہ بیان ہوا ہے کہ برائی اور منکر اور حرام میں معاونت والا کام اور ملازمت حرام ہے، اس کے لیے آپ مثلا کے طور پر سوال نمبر (7423) اور (41105) اور (49829) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں۔

اور عورت کی ملازمت کرنے کے اصول و ضوابط سوال نمبر (6666) اور (20140) اور (22397) اور (33710) کے جوابات کا مطالعہ کریں۔

واللہ اعلم۔